## پاکستانی قوم اپنی تاریخ کے سب سے مشکل ترین امتحان سے گزر رہی ہے اور اس وقت ملک کو داخلی و خارجی سطح پر سنگین خطرات درپیش ہیں، موجودہ حالات میں تمام سیاستدانوں کی ذمہ داریاں بنتی ہے کہ وہ ذاتی اختلافات کو ختم کر کے ایک نکاتی ایجنڈے پر متفق ہو جائیں، محترمہ طاہرہ آصف (سینئر رہنماء ایم کیو ایم پنجاب)

لاہور۔۔۔یکم، جون 2009ء

ایم کیو ایم کی سینئر رہنما محترمہ طاہرہ آصف نے کہا ہے کہ پاکستانی قوم اپنی تاریخ کے سب سے مشکل ترین امتحان سے گزر رہی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے جوہر ٹاون کے علاقہ وفاقی کالونی میں ایک کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ ملک کو داخلی وخارجی سطح پر سنگین خطرات درپیش ہیں۔ایسے حالات میں سیاستدانوں کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ ذاتی اختلافات کو ختم کر کے ایک نکاتی ایجنڈے پر متفق ہو جائیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین واحد سیاسی رہنما ہیں جو موجودہ حالات میں بھی عوام الناس کو حقائق سے آگاہ کرنے کے ساتھ ساتھ سیاسی و مذہبی جماعتوں سے ملک کی سالمیت استحکام کی خاطر مثبت اور باوقار کردار ادا کرنے کیلئے دردمندانہ اپیلیں کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ اور اس کے کارکنان ملک کی سالمیت پر آنچ نہیں آنے دیں گے اور تاریخ کے مشکل ترین دور سے ملک وقوم کو نکالنے کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت پرامن جدوجہد جاری رکھیں گے۔انہوں نے دہشت گردی کے حوالے سے کہا کہ دہشت گرد قوم اور ملک دونوں کے دشمن ہیں اور یہ قانون کے مجرم ہیں۔

☆☆☆☆☆

## گڈاپ ٹاؤن بابڑا محلّہ، ہاشم خاصخیلی اور بار یچہ کے سینکڑوں سندھی اور بلوچی نوجوانوں اور بزرگوں کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

کراچی۔۔۔یکم/جون 2009ء

گڈاپ ٹاؤن بابڑا محلّہ، ہاشم خاصخیلی گوٹھ اور بار یچہ محلّہ کے رہائشی سینکڑوں سندھی اور بلوچی نوجوان اور بزرگ افراد نے قائد تحریک الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور ایم کیو ایم کی پالیسیوں وعملی جدوجہد سے متاثر ہو کر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عارف حیدر اور اراکین ممتاز علی، ندیم سومرو سے ملاقات کے موقع پر کیا۔اس موقع پر گڈاپ ٹاؤن سیکٹر کمیٹی کے علاوہ علاقائی یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان کی بڑی تعداد موجود تھی۔قبل ازیں کراچی مضافاتی کمیٹی کے ذمہ داران نے علاقے کا تفصیلی دورہ کیا اور بزرگوں اور نوجوانوں سے ملاقات کر کے انہیں قائد تحریک الطاف حسین کا پیغام پہنچایا اور سندھ خصوصاً کراچی میں طالبانائزیشن کی گھناؤنی سازش سے آگاہ کیا۔مضافاتی کمیٹی کے ذمہ داران نے ایم کیو ایم میں باقاعدہ شمولیت اختیار کرنیوالے افراد کا ایم کیو ایم میں خیر مقدم کیا اور کہا کہ ایم کیو ایم غریب ومتوسط کی نمائندہ جماعت ہے جو ملک سے فرسودہ نظام اور رسومات کے خاتمے کیلئے جدوجہد کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ معاشرے اور سماج میں ایسے طبقات قائم ہو جائیں جو ظلم وستم سے غریبوں کو دبانے کیلئے کوشاں ہو تو پھر اس طبقاتی کشمکش کے نتیجے میں سماج سیاسی اور انقلابی تحریکیں جنم لیتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش کی جارہی ہے اور اس سازش کو ناکام بنانے کیلئے کراچی کے عوام کو ایک پلیٹ فارم پر متحد ومنظّم ہو کر اس کا مقابلہ کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کا پیغام حق پرستی غریب عوام کی آواز ہے اور یہ وجہ ہے کہ آج ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام الطاف حسین کے ہاتھ مضبوط کرنے کیلئے ان کے شانہ بشانہ کام کر رہے ہیں۔انہوں نے شمولیت اختیار کرنیوالے افراد کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اب آپ ایم کیو ایم کا حصہ ہیں لہٰذا آپ پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ آپ قائد تحریک الطاف حسین کے پیغام حق پرستی کو گھر گھر پھیلائیں اور ملک میں جاری ظلم وستم کے خاتمے کیلئے آواز حق بلند کرتے ہوئے میدان عمل میں آجائیں۔

## ایم کیو ایم شاہ فیصل سیکٹر کے کارکن محمد ذیشان صدیقی اور اسکیم 33 معمار سیکٹر کے کارکن اعجاز احمد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔یکم، جون 2009ء

متحدہ قومی وموومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 106 کے کارکن محمد ذیشان صدیقی، ایم کیو ایم اسکیم 33 معمار سیکٹر یونٹ احسن آباد کے کارکن اعجاز احمد اور ایم کیوام اولڈ لیاری سیکٹر یونٹ بہار کالونی کے بزرگ کارکن محمد نعیم قریشی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوارن کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے (آمین)

## ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر کے کارکن کے والد، اے پی ایم ایس او کے کارکن کی والدہ محترمہ، اسکیم 33 معمار سیکٹر کے کارکن اعجاز احمد، اولڈ لیاری سیکٹر کے بزرگ کارکن محمد نعیم قریشی اور شاہ فیصل سیکٹر کے کارکن محمد ذیشان صدیقی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔ یکم، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم اسکیم 33 معمار سیکٹر یونٹ احسن آباد کے کارکن اعجاز احمد، ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 106 کے کارکن محمد ذیشان صدیقی، ایم کیوایم اولڈ لیاری سیکٹر یونٹ بہار کالونی کے بزرگ کارکن محمد نعیم قریشی، ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کے شہید ساتھی محمد یونس کے بھائی محمد اشرف، ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 125 کے کارکن محمد عمران کشمیری کے والد غلام احمد، اے پی ایم ایس او این ای ڈی یونیورسٹی یونٹ سیکٹر A کے کارکن شہوار حسن کی والدہ محترمہ شوکت آراء کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔ (آمین)

## اردو زبان کے معروف بزرگ شاعر حنیف اخگر کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی ۔۔۔ یکم / جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے امریکہ میں مقیم اردو زبان کے معروف بزرگ شاعر جناب حنیف اخگر کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین اور پرستاروں سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ حنیف اخگر کے انتقال سے ادبی دنیا میں پیدا ہونیوالے خلاء کو رہتی دنیا تک پرنہیں کیا جاسکتا۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ حنیف اخگر مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل دے۔ (آمین)

## اے پی ایم ایس او نے نوابشاہ سیکٹر کی تنظیم نو کا اعلان کردیا
## تحریک میں ذمہ داریوں کی تفویض تنظیمی عمل ہے، چیئرمین وحید الزماں
## اے پی ایم ایس او نوابشاہ سیکٹر کی تنظیم نو کے اجلاس سے خطاب

کراچی ۔۔۔ یکم، جون 2009ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی مرکزی کابینہ نے اے پی ایم ایس او نوابشاہ سیکٹر کی تنظیم نو کا اعلان کردیا ہے۔ یہ اعلان اے پی ایم ایس او کے چیئرمین وحید الزماں، جوائنٹ سیکریٹری عمران معین، سکریٹری اطلاعات منہاج الابراہیم نے نوابشاہ میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں کارکنان کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین اے پی ایم ایس او وحید الزماں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے 11 جون 1978ء کو اے پی ایم ایس او کی بنیاد جامعہ کراچی میں رکھی اس کے بعد تحریک کے نظریئے کو عام کرنے کیلئے جناب الطاف حسین اور کارکنان نے شب وروز محنت ولگن کے کام کیا اور سندھ سمیت پورے ملک میں تحریک کے پیغام کو پھیلایا یہی وجہ ہے کہ آج جناب الطاف حسین کے چاہنے والے نوابشاہ میں موجود ہیں جہاں گزشتہ کئی برسوں سے جاگیردارانہ نظام رائج تھا اب نوابشاہ کے کارکنان اور عوام جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے سے آگاہی حاصل کر چکے ہیں اور غریب ومتوسط طبقے کے 98 فیصد عوام کو ان کے حقوق دلانے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کررہے ہیں۔ انہوں نے نوابشاہ سیکٹر کے نومنتخب ذمہ داران کو دلی مبارکباد پیش کی اور کہا کہ تحریک میں ذمہ داریاں کی تفویض تنظیمی عمل ہے اور اس کا مطلب ہرگز یہ نہیں کہ پہلے جو سیکٹر کمیٹی کے اراکین تھے وہ تحریک کیلئے بہتر کام انجام نہیں دے رہے تھے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے پیغام کو عام کرنے کیلئے کارکنان دن رات کام کریں گے اور آپنی آنے والی نسلوں کی بقاء وسلامتی کو یقینی بنائیں گے۔

## صوبہ پختونخواہ کے متاثرہ خاندانوں کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیاں بھرپور اور منظّم انداز میں جاری ہیں

## مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد، مخیّر حضرات اور عوام نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر کے دورے کئے اور امدادی کاموں میں حصہ لیا

کراچی۔۔۔یکم، جون 2009ء

مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد، مخیّر حضرات اور عوام کی جانب سے متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت صوبہ پختونخواہ کے متاثرہ خاندانوں کیلئے بڑے پیمانے پر جاری امدادی سرگرمیوں کو زبردست انداز میں سراہا جارہا ہے اور متاثرہ خاندانوں کی خدمت کے عمل کو سب سے بڑی عبادت قرار دیا گیا ہے۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی اپیل پر صوبہ پختونخواہ کے متاثرہ خاندانوں کی امداد کیلئے علمائے کرام، وکلاء، طلباء، انجینئرز، فنکار، کرکٹرز، سیاسی وسماجی تنظیموں نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر کے دورے کئے اور یہاں جاری امدادی سرگرمیاں میں حصہ لیا اور اس دوران متاثرہ خاندانوں کیلئے مخیّر حضرات اور عوام سے امدادی سامان اور نقدر قوم بھی شکریہ کے ساتھ وصول کیں۔ انہوں نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں متاثرہ خاندانوں کی امدادی سرگرمیوں کو دیکھتے ہوئے کہا کہ جو لوگ متاثرہ خاندانوں کے حوالے سے متحدہ قومی موومنٹ پر جھوٹے اور بے بنیاد الزامات عائد کررہے ہیں وہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں متاثرہ خاندانوں کیلئے جاری امدادی سرگرمیوں کا ازخود جائزہ لیں اور فیصلہ کریں۔ واضح رہے کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں متاثرہ خاندانوں کی امداد کیلئے بھرپور امدادی سرگرمیاں جاری ہیں جس کے باعث کروڑوں روپے مالیت کے درجنوں ٹرک متاثرہ خاندانوں کیلئے روانہ کئے جاچکے ہیں جن میں خشک اجناس اور ادویات

بھی بڑی تعداد میں شامل ہے جبکہ اس سلسلے میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی اپیل پر مخیّر حضرات، عوام اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیوں کیلئے بھرپور مدد وتعاون فراہم کررہے ہیں۔

☆☆☆☆☆